سوال

فجراور مغرب کے وقت گھر میں جھاڑو دینے اور اس وقت فرشتں کا آنا۔

جواب

فجراور مغرب کے وقت گھر میں جھاڑودینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ فجراور مغرب کے وقت گھر میں جھاڑودینے کا کیا حکم ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمدللہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، اَما بعد! صفائی نصف ایمان ہے ، اور گھروں میں جھاڑودینے یا صفائی کرنے کے حوالے سے شریعت نے کوئی وقت مقرر نہیں کیا ہے اور نہ ہی کسی وقت جھاڑودینے سے منع کیا ہے ، لہذا آپ فجر اور مغرب کے ٹائم سمیت کسی بھی وقت گھر میں جھاڑو دے سکتے ہیں ، شرعا اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی